Soneri Bank

**In these Terms and Conditions:**

**a. "Account"** means the bank account held or to be held with the Bank in the name of the Cardholder (whether solely or jointly with another person).

**b. "Bank"** means that branch of Soneri Bank Limited, which holds the Account.

**c. "Card"** means the Soneri Visa Debit Card.

**d. "Cardholder"** means the person to whom the Card has been issued, having authority alone to operate the Card, in accordance with the Account's mandate in respect thereof.

**e. "PIN"** means the Personal Identification Number, which the Cardholder uses from time to time with the Card.

**f. "TPIN"** means the Telephone Personal Identification Number, which the Cardholder uses from time to time with the Card.

**g. "Transaction"** means any cash withdrawal or payment made using the Card, or any refund arising in connection with the use of the Card in any authorised manner for debit or credit to the Account.

## TERMS & CONDITIONS

1. Every Account Holder who is eligible to apply for the Card must be eighteen (18) years old or above as of the date of the application for the issuance of the card and has the legal capacity to enter into binding contracts.
2. Usage of the Card is subject to the terms, policies and procedures that the Bank may adopt or modify from time to time with prior notice to the Cardholder (whether general, specific or by publication in the Bank's Schedule of Charges).
3. If the application for a Card is jointly signed by persons maintaining joint account on either or survivor basis, the said person shall be jointly and severally bound by these Terms and Conditions.
4. The Card shall be issued to individuals who maintain Current/Savings/Basic Banking Account on Individual/Sole Proprietorship/Joint - Either or Survivor basis, with the "Bank" in Pakistan, with a minimum balance amount maintained at all times as per Bank Policy.
5. An amount of at least equal to the Card issuance charges, as per SOC/minimum balance as per Bank Policy (whichever is higher), is to be maintained by the Account Holder in his/her Account at the time of holding Soneri Visa Debit Card.
6. The Cardholder shall pay to the Bank all fees and charges that the Bank may impose from time to time in connection with the Card services.
7. The Bank shall debit the Cardholder's account with any withdrawals/transfer payments, Annual Fee, Chip Maintenance Fee, Card Replacement Fee, Excess Limit and all such payments as affected by the use of the Card along with related Bank charges including taxes levied by the Federal or Provincial Government, and all such entries in the account shall be conclusive and binding upon the Cardholder.
8. The Card is to be immediately returned for cancellation should the Cardholder's designated account(s) be closed.
9. Once the card activated by the cardholder, it can be utilized at the Bank's various ADC channels for transactions within Pakistan only. However, in order to activate international cross border transactions on Soneri Visa Debit Card, the cardholder may activate international transactions on his/her Debit Card via Soneri Digital Banking or by calling 24/7 Soneri Contact Centre at 111-SONERI (766374).
10. All non-US Dollar charges (including Pak Rupees charges) incurred or arising out of Soneri Visa Debit Card transactions shall be converted to US Dollar at the rate of exchange determined in accordance with the applicable rules or business practice of Visa International. The applicable exchange rate shall be made available to the Cardholder upon request. In the event the Cardholder has a query regarding the exchange rate applied to a specific transaction, the Cardholder may raise the matter through the Bank's formal complaints and grievance mechanism within forty-five (45) days of the transaction date.
11. All foreign currency transactions will be subject to the allocations and limits prescribed by the regulatory authority from time to time.
12. The Card shall remain the property of the Bank at all times and the Bank may at its sole discretion, and without assigning any reason, cancel the Card and through notice, demand its return, and the Cardholder shall return the Card to the Bank within the time stipulated by the Bank in the notice. The Bank shall not be liable for any loss suffered by the Cardholder as a result thereof. The Card may not be used by any person other than the Cardholder.
13. The Cardholder undertakes not to disclose his/her PIN to any other person, whether accidentally or otherwise, and shall take all reasonable precautions to prevent the Card from being lost, mislaid, or stolen.
   In the event the Card is lost, stolen, or the PIN is compromised, the Cardholder shall notify the Bank immediately by calling the 24/7 Contact Centre at 111-SONERI (766374). Upon receipt of such notification, the Bank shall promptly block the Card to prevent further unauthorized use.
   The Cardholder's liability for unauthorized transactions shall be as follows: (a) Customer will be liable to the transactions occurring prior to notification, provided the Bank determines that the loss was not attributable to the Bank's negligence or system failure. (b) Transactions occurring after the time of notification to the Bank: The Cardholder shall bear no liability for unauthorized transactions, provided timely notification was given.
   Where the Bank's investigation establishes that the unauthorized transactions resulted from the Bank's own system error, negligence, or fraud by a third party not connected to the Cardholder, the Cardholder shall bear no liability.

14. The Bank is authorised to act on any telephone instructions that the Bank believes have been given by the Cardholder, where the person giving such instructions enters his/her PIN/TPIN Number assigned to the Cardholder by the Bank via secured IVR channel.
15. The Cardholder shall at all times remain liable for all transactions made through the authorized use of the Card. The Bank's electronic and system records of transactions processed through the Card shall constitute prima facie evidence of such transactions and shall be presumed to be correct unless the Cardholder provides credible evidence to the contrary through the Bank's formal dispute resolution process.
The Cardholder retains the right to dispute any transaction in accordance with Clause 16 of these Terms and Conditions.
16. In case of any disputed transaction(s), Cardholder must report the matter in writing within 45 days of the relative Statement of Account(s) date to its relevant Branch or Customer Services/Call Centre. In case the claim proves to be faked after investigation, Cardholder will be charged a fee decided by the Bank.
17. Transaction records generated by ATMs and POS Terminals and provided to the Cardholder at the time of a transaction shall be treated as contemporaneous records of the transaction and are issued by systems operated under the Bank's authority. Such records shall be subject to final reconciliation with the Bank's central processing systems. In the event of any discrepancy between the ATM/POS record and the Bank's reconciled records, the Bank shall investigate the matter and communicate the outcome to the Cardholder within forty five (45) working days of a formal dispute being raised.
18. In the event of a disputed transaction, the Bank shall investigate the matter and shall, upon the Cardholder's written request, provide the Cardholder with relevant transaction data and records pertaining to the disputed transaction to the extent permissible under applicable law and the Bank's data governance framework. The Bank shall issue its findings in writing within (45) working days of receiving a formal dispute. The Cardholder retains the right to escalate unresolved disputes to the Banking Mohtasib Pakistan or the State Bank of Pakistan in accordance with applicable regulatory procedures.
19. The Bank reserves the right to limit cash withdrawals and total purchases amount from an ATM or POS terminal during 24hrs period and to advise the Cardholder of such limits.
20. In case a merchant makes a refund for a Debit Card transaction, the Bank will Credit the Cardholder's Account upon receipt of cleared refund amount from the merchant or settlement/acquiring bank. The Bank will not be responsible for any delay in receiving such refunds.
21. The Bank shall have the right to rectify any error in the entries and reverse any erroneous entries in the account due to any bonafide mistake or malfunction of the ATM/POS. The Bank's record of any transaction generated electronically or otherwise shall be conclusive evidence of such transaction.
22. The Bank may (but shall not be obliged to) record telephone instructions and such record of any instruction shall be conclusive and binding on the Cardholder.
23. The Bank reserves the right to alter, amend, delete, or add to these Terms and Conditions from time to time. In the case of any material amendment, the Bank shall provide the Cardholder with a minimum of thirty (30) days' advance notice prior to the amendment taking effect. Notification shall be provided through one or more of the following channels: SMS to the registered mobile number, email to the registered email address, notice on the Bank's official website (www.soneribank.com), or prominently displayed notice at the Bank's branches.
In the event the Cardholder does not wish to accept the amended Terms and Conditions, the Cardholder may surrender the Card and close the associated service.Continued use of the Card following the effective date of any amendment shall constitute the Cardholder's acceptance of the revised Terms and Conditions.
24. The Bank shall not be liable to the Cardholder for any inconvenience, loss, or damage suffered due to the malfunctioning or non-operation of ATM or POS terminals operated by third parties/other banks, or where the Card is not accepted by a merchant or terminal for reasons beyond the Bank's control. However, this exclusion shall not apply where such inconvenience, loss, or damage arises directly from the Bank's own negligence, wilful default, or failure to maintain its own systems and infrastructure to a standard of operational reliability.
25. The Bank shall not be liable to the Cardholder for any loss or delay in services resulting from events genuinely beyond the Bank's reasonable control, including but not limited to strikes, natural disacters, widespread failure of power supplies, acts of God, or national emergency. The Bank shall endeavour to restore services at the earliest practicable time and shall communicate service disruptions through available channels where feasible. This exclusion does not extend to service failures arising from the Bank's failure to implement adequate business continuity measures or maintain its systems in accordance with applicable SBP guidelines.
26. The Bank shall not be liable in any manner due to any accidental death, injury or property damage that may be sustained by the Cardholder in using the Card at ATM rooms or locations, it being agreed that the Cardholder shall use the Card entirely at his/her own risk, cost and consequences.
However, where an ATM location is owned, operated, or managed by Soneri Bank Limited, the Bank shall take reasonable steps to ensure the safety and security of such premises. The Bank shall not be absolved of liability for injury or damage arising directly from the negligent maintenance or unsafe condition of Bank-operated ATM premises.
27. Whenever the Card is used by the Cardholder for payment of any utility or other bills, the Cardholder shall remain solely liable for any penalty, cost or surcharge, which may be levied by the utility or service provider for late payment, irrespective of whether the Cardholder provided adequate notice and proper details to the Bank.
28. If cardholder is emigrating and/or proceeding abroad on permanent employment or intending to become a Non Resident Pakistan, he/she must surrender the Soneri Debit Card at a prior time and clear the entire card outstanding, except for the specific account product approved by the SBP for NON Residents.
29. The Cardholder shall not surrender the "Card" to anyone other than the designated Bank Officer at Soneri Bank Limited, and that too, only if it is cut through the Magnetic Strip and Chip.
30. These Terms and Conditions are read in conjunction with the Account Opening Form's Terms & Conditions as shall be applicable to the account from time to time.
31. These Terms and Conditions are subject to rules and regulations, circulars and directives, of the SBP (as may be applicable from time to time) and will be governed by the substantive and procedural laws of Islamic Republic of Pakistan. The courts in Pakistan will have exclusive jurisdiction.

Soneri Bank

ان شرائط وضوابط میں

a۔ ’’اکاؤنٹ‘‘ کا مطلب ہے بینک میں حاصل کردہ اکاؤنٹ یا کارڈ ہولڈر کے نام پر بینک میں اکاؤنٹ (چاہے وہ انفرادی ہو یا کسی دوسرے شخص کے ساتھ مشترکہ ہو)۔

b۔ ’’بینک‘‘ کا مطلب ہے سونیری بینک لمیٹڈ کی وہ برانچ جس میں اکاؤنٹ ہے۔

c۔ ’’کارڈ‘‘ کا مطلب ہے سونیری ویزا ڈیبٹ کارڈ۔

d۔ ’’کارڈ ہولڈر‘‘ کا مطلب ہے وہ شخص جس کو کارڈ جاری کیا گیا ہے اور اکاؤنٹ کے اختیار کے مطابق وہ کارڈ کو انفرادی طور پر استعمال کرسکتا ہے۔

e۔ ’’پن (PIN)‘‘ کا مطلب ہے ذاتی شناختی نمبر جو کہ کارڈ ہولڈر وقتاً فوقتاً کارڈ کے ساتھ استعمال کرتا ہے۔

f۔ ’’ٹی پن (TPIN)‘‘ کا مطلب ہے ٹیلی فون پر ذاتی شناختی نمبر جو کہ کارڈ ہولڈر وقتاً فوقتاً کارڈ کے ساتھ استعمال کرتا ہے۔

g۔ ’’ٹرانزیکشن‘‘ کا مطلب ہے کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے کوئی بھی نقد رقم نکلوانا یا کوئی ادائیگی کرنا یا کارڈ کے کسی بھی مجاز استعمال سے واجب الادا رقم کی واپسی (ری فنڈ) کی ادائیگی کیلئے اکاؤنٹ سے کٹوتی یا رقم جمع کرانا۔

## شرائط وضوابط

1۔ ہر وہ اکاؤنٹ ہولڈر کارڈ کیلئے درخواست دینے کا اہل ہے جو لازمی طور پر کارڈ کے اجراء کیلئے درخواست کی تاریخ پر اٹھارہ (18) برس یا اس سے زیادہ عمر کا حامل ہو اور وہ قانونی طور پر معاہدوں کی پابندی کرسکتا ہو۔

2۔ کارڈ کا استعمال شرائط، پالیسیوں اور طریقہ کار سے مشروط ہوگا جو کہ بینک وقتاً فوقتاً کارڈ ہولڈر کو پیشگی اطلاع کے بعد تیار کریگا یا ان میں کوئی ترمیم کریگا (چاہے وہ اطلاع عمومی، خصوصی یا بینک کے شیڈول آف چارجز میں شامل ہو)۔

3۔ اگر کارڈ کیلئے درخواست پر انفرادی یا مشترکہ بنیادوں پر فعال مشترکہ اکاؤنٹ کے حامل افراد کے دستخط ہوں گے تو وہ افراد مشترکہ اور انفرادی طور پر ان شرائط وضوابط کے پابند ہوں گے۔

4۔ کارڈ ایسے افراد کو جاری کیا جائے گا جو انفرادی/سول پروپرائٹر شپ/مشترکہ (انفرادی یا اجتماعی بنیاد پر) بینک کے ساتھ پاکستان میں کرنٹ/سیونگز/ بنیادی بینکنگ اکاؤنٹ چلاتے ہیں اور اس میں بینک پالیسی کے مطابق ہر وقت کم از کم بیلنس بھی برقرار رکھتے ہیں۔

5۔ سونیری ویزا ڈیبٹ کارڈ کے اجراء کے وقت اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں بینک پالیسی کے تحت شیڈول آف چارجز کے مطابق کم از کم کارڈ اجراء کے چارجز کے مساوی رقم/کم از کم بیلنس (جو بھی زیادہ ہو) ہونا چاہئے۔

6۔ بینک کی جانب سے کارڈ سروسز کے عوض وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والی فیس اور تمام چارجز کارڈ ہولڈر بینک کو ادا کرے گا۔

7۔ بینک کسٹمر کے اکاؤنٹ سے نقد رقم نکلوانے ٹرانسفر پے منٹس، سالانہ فیس، چپ مینٹیننس فیس، کارڈ ری پلیس منٹ فیس، ایکسیس لمٹ چارجز اور کارڈ کے استعمال پر تمام ایسے بینک چارجز بمع وفاقی یا صوبائی حکومت کی جانب سے لاگو ٹیکسز منہا کرلے گا اور اکاؤنٹ میں ایسے تمام اندراجات حتمی ہوں گے اور کارڈ ہولڈر ان کی پابندی کرے گا۔

8۔ اگر کارڈ ہولڈر کا متعلقہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) بند ہوجاتا ہے تو کارڈ فوری طور پر منسوخی کیلئے واپس کردیا جائے گا۔

9۔ کارڈ ہولڈر کے کارڈ ایکٹیویٹ کرنے کے بعد، اسے بینک کے مختلف ADC چینلز پر صرف پاکستان میں ٹرانزیکشنز کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ تاہم، کارڈ ہولڈر اپنے سونیری ویزا ڈیبٹ کارڈ، پر بین الاقوامی کراس بارڈر ٹرانزیکشنز سونیری ڈیجیٹل بینکنگ کے ذریعے یا 24/7 کانٹیکٹ سینٹر (766374) SONERI-111 پر کال کرکے فعال کرواسکتا ہے۔

10۔ سونیری ویزا ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے کی جانے والی تمام غیر امریکی ڈالر (بشمول پاکستانی روپے) ٹرانزیکشنز سے متعلق عائد ہونے والے یا پیدا ہونے والے چارجز کو ویزا انٹرنیشنل کے قابلِ اطلاق قواعد یا کاروباری طریقۂ کار کے مطابق مقرر کردہ شرحِ مبادلہ پر امریکی ڈالر میں تبدیل کیا جائے گا۔ قابلِ اطلاق شرحِ مبادلہ کارڈ ہولڈر کی درخواست پر فراہم کی جائے گی۔ اگر کارڈ ہولڈر کو کسی مخصوص ٹرانزیکشن پر لاگو کی گئی شرحِ مبادلہ کے بارے میں کوئی سوال یا اعتراض ہو تو وہ ٹرانزیکشن کی تاریخ سے پینتالیس (45) دن کے اندر بینک کے باضابطہ شکایات اور ازالۂ شکایت کے نظام کے ذریعے معاملہ اٹھا سکتا/سکتی ہے۔

11۔ تمام غیر ملکی کرنسی کے لین دین وقت وقت پر ریگولیٹری اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ مختص اور حدود کے تابع ہوں گے۔

12۔ کارڈ بینک کی ملکیت ہے اور بینک اپنے مکمل اختیار کے مطابق کوئی سبب بتائے بغیر نوٹس کے ذریعے کارڈ کو منسوخ کرسکتا ہے، واپسی کا مطالبہ کرسکتا ہے اور کارڈ ہولڈر بینک کی جانب سے نوٹس میں دیئے گئے وقت کے اندر بینک کو کارڈ واپس کرے گا۔ اس کے نتیجے میں کارڈ ہولڈر کو ہونے والے کسی بھی نقصان کا ذمے دار بینک نہیں ہوگا۔ کارڈ ہولڈر کے علاوہ کوئی بھی دوسرا شخص کارڈ استعمال نہیں کرسکتا۔

13۔ کارڈ ہولڈر اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ اپنا پن (PIN) کسی بھی دوسرے شخص کو دانستہ یا نادانستہ طور پر، ظاہر نہیں کریگا/گی، اور کارڈ کے گم ہونے، غلط جگہ رکھنے یا چوری ہونے سے بچانے کیلئے تمام معقول احتیاطی تدابیر اختیار کرے گا/گی۔

کارڈ گم ہونے، چوری ہونے یا پن (PIN) افشا ہونے پر کارڈ ہولڈر فوری طور پر 24/7 کانٹیکٹ سینٹر (766374) 111-SONERI پر کال کرکے بینک کو مطلع کرے گا/گی۔ ایسی اطلاع موصول ہونے پر، بینک مزید غیر مجاز استعمال کی روک کے لیے فوری طور پر کارڈ بلاک کردے گا۔

غیر مجاز ٹرانزیکشنز کی صورت میں کارڈ ہولڈر کی ذمہ داری درج ذیل ہوگی: (a) بینک کو اطلاع دینے سے قبل ہونے والی ٹرانزیکشنز کی ذمہ داری کسٹمر پر عائد ہوگی، بشرطیکہ بینک یہ طے کرے کہ نقصان بینک کی غفلت یا سسٹم کی خرابی کے باعث نہیں ہوا۔

(b) بینک کو اطلاع ملنے کے بعد ہونے والی ٹرانزیکشنز: اگر کارڈ ہولڈر نے بروقت اطلاع فراہم کردی ہو تو وہ کسی بھی غیر مجاز ٹرانزیکشن کا/کی ذمہ دار نہیں ہوگا/گی۔

بینک کی تحقیقات پر غیر مجاز ٹرانزیکشنز بینک سسٹم کی خرابی، غفلت یا کارڈ ہولڈر سے غیر منسلک کسی تیسرے فریق کی دھوکہ دہی ثابت ہونے پر کارڈ ہولڈر پر کسی قسم کی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی۔

14۔ بینک ایسی کسی بھی ٹیلی فون پر دی گئی ہدایات پر عمل کرنے کا مجاز ہے جو کہ بینک سمجھتا ہے کہ کارڈ ہولڈر نے دی ہیں جبکہ ایسی ہدایات دینے والا شخص بینک کے محفوظ آئی وی آر (IVR) چینل کے ذریعے بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو دیئے گئے اپنے پن (PIN)/ٹی پن (TPIN) کا اندراج کرتا ہے۔

15۔ کارڈ ہولڈر کارڈ کے مجاز استعمال کے ذریعے کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز کا ہر وقت ذمہ دار ہوگا/گی۔ کارڈ سے کی گئی ٹرانزیکشنز سے متعلق بینک کے الیکٹرانک اور نظامی ریکارڈز ابتدائی ثبوت تصور کیے جائیں گے اور انہیں درست مانا جائے گا، سوائے اس کے کہ کارڈ ہولڈر بینک کے تنازعہ کے ازالے کے باضابطہ طریقۂ کار کے تحت اس کے برعکس قابلِ اعتبار ثبوت فراہم کرے۔

کارڈ ہولڈر کو ان شرائط وضوابط کی شق 16 کے مطابق کسی بھی ٹرانزیکشن پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

16۔ کسی بھی متنازع ٹرانزیکشن (ٹرانزیکشنز) کی صورت میں کارڈ ہولڈر لازمی طور پر متعلقہ اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ کی تاریخ کے بعد پینتالیس (45) دن کے اندر تحریری طور پر اپنی برانچ یا کسٹمر سروسز اکال سینٹر کو مطلع کرے۔ اگر تفتیش کے بعد دعویٰ غلط ثابت ہوا تو کارڈ ہولڈر سے بینک کی طے شدہ فیس وصول کی جائے گی۔

17۔ اے ٹی ایم (ATM) اور پی او ایس (POS) ٹرمینلز کے ذریعے جنریٹ ہونے والے اور ٹرانزیکشن کے وقت کارڈ ہولڈر کو فراہم کیے جانے والے ریکارڈ کو اس ٹرانزیکشن کا فوری ریکارڈ تصور کیا جائے گا۔ یہ ریکارڈز بینک کے اختیار کے تحت چلنے والے سسٹمز کے ذریعے جاری کیے جاتے ہیں۔ تاہم، ایسے ریکارڈز بینک کیسینٹرل پروسیسنگ سسٹم سے حتمی مطابقت کے تابع ہوں گے۔ اگر ATM/POS ریکارڈ اور بینک کے مطابقت شدہ ریکارڈز میں کوئی فرق پایا جائے تو بینک معاملے کی تحقیقات کرے گا اور باضابطہ تنازعہ درج کیے جانے کے پینتالیس (45) کاروباری دنوں کے اندر اس کے نتیجہ سے کارڈ ہولڈر کو آگاہ کرے گا۔

18۔ کسی متنازعہ ٹرانزیکشن پر بینک معاملے کی تحقیقات کرے گا اور کارڈ ہولڈر کی تحریری درخواست پر، قابلِ اطلاق قوانین اور بینک کے ڈیٹا گورننس فریم ورک کے تحت مجاز حد تک، متنازع ٹرانزیکشن سے متعلق ریکارڈ اور ضروری معلومات فراہم کرے گا۔ بینک باضابطہ تنازعہ موصول ہونے کے پینتالیس (45) کاروباری دنوں کے اندر اپنی تحقیقات کے نتائج تحریری طور پر جاری کرے گا۔ تنازعہ حل نہ ہونے پر کارڈ ہولڈر قابلِ اطلاق ضابطہ جاتی طریقۂ کار کے مطابق معاملہ بینکنگ محتسب پاکستان یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سامنے اٹھانے کا حق محفوظ رکھتا/رکھتی ہے۔

19۔ بینک کسی اے ٹی ایم یا پی او ایس ٹرمینل سے 24 گھنٹے میں نقد رقم نکلوانے اور خریداری کی مجموعی رقم کی حد مقرر کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور ایسی حدود سے متعلق کارڈ ہولڈر کو آگاہ کیا جائے گا۔

20۔ اگر کوئی مرچنٹ کسی ڈیبٹ کارڈ کی ٹرانزیکشن کی رقم واپس (ری فنڈ) کرتا ہے، تو بینک مرچنٹ یا سیٹلمنٹ رقم حاصل کرنے والے بینک سے واپس کی جانے والی رقم کے موصول ہونے پر اس کو کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں جمع (کریڈٹ) کردے گا۔ ایسی کسی واپسی (ری فنڈ) میں کسی قسم کی تاخیر کا بینک کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

21۔ بینک کے پاس یہ حق ہوگا کہ وہ اے ٹی ایم پی او ایس کی کسی بھی غلطی یا خرابی کی صورت میں اکاؤنٹ میں ہونے والے غلط مندرجات کو درست کرے۔ ایسی ٹرانزیکشن کے ثبوت پر بینک کی جانب سے الیکٹرونک یا کسی دیگر طریقے سے پیش کیا جانے والا ریکارڈ حتمی ہوگا۔

22۔ بینک ٹیلی فون پر دی جانے والی ہدایات ریکارڈ (لیکن بینک ایسا کرنے کا پابند نہیں ہوگا) کرسکتا ہے اور ایسی ہدایات پر مبنی ریکارڈ کارڈ ہولڈر کیلئے حتمی اور قابل قبول ہوگا۔

23۔ بینک وقتاً فوقتاً ان شرائط وضوابط میں ترمیم، تبدیلی، حذف یا اضافہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ کسی بھی اہم ترمیم کی صورت میں، بینک اس ترمیم کے نافذ العمل ہونے سے کم از کم تیس (30) دن قبل کارڈ ہولڈر کو پیشگی اطلاع فراہم کرے گا۔ یہ اطلاع درج ذیل ذرائع میں سے ایک یا زیادہ کے ذریعے دی جاسکتی ہے: رجسٹرڈ موبائل نمبر پر ایس ایم ایس، رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ای میل، بینک کی سرکاری ویب سائٹ پر نوٹس، یا بینک برانچز میں نمایاں طور پر آویزاں نوٹس کے ذریعے۔

اگر کارڈ ہولڈر ترمیم شدہ شرائط وضوابط کو قبول کرنا نہ چاہے، تو وہ اپنا کارڈ واپس کر کے متعلقہ سروس بند کرواسکتا/سکتی ہے۔ کسی بھی ترمیم کے نافذ العمل ہونے کے بعد کارڈ کا مسلسل استعمال، کارڈ ہولڈر کی جانب سے نظرِ ثانی شدہ شرائط وضوابط کی قبولیت تصور کیا جائے گا۔

24۔ بینک کارڈ ہولڈر کو اس قسم کی کسی بھی پریشانی، نقصان یا خسارے کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو کسی تیسرے فریق یا دوسرے بینک کے زیرِ انتظام اے ٹی ایم یا پی او ایس ٹرمینلز کے خراب ہونے یا کام نہ کرنے کے باعث پیش آئے، یا ایسی صورت میں جب بینک کے اختیار سے باہر وجوہات کی بنا پر کوئی مرچنٹ یا ٹرمینل کارڈ قبول نہ کرے۔ تاہم، یہ استثنا ان معاملات پر لاگو نہیں ہوگا جہاں ایسی پریشانی، نقصان یا خسارہ براہِ راست بینک کی غفلت، دانستہ کوتاہی، یا اپنے سسٹم اور بنیادی ڈھانچے کو مطلوبہ عملی معیار کے مطابق برقرار رکھنے میں ناکامی کے نتیجے میں پیدا ہوا ہو۔

25۔ بینک کارڈ ہولڈر کو ایسی کسی بھی سروس میں تاخیر یا نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو بینک کے معقول اختیار سے باہر پیش آنے والے واقعات کے باعث ہو، جن میں ہڑتالیں، قدرتی آفات، بجلی کی فراہمی میں وسیع پیمانے پر تعطل، قدرتی یا ناگزیر حادثات یا قومی ہنگامی صورتحال شامل ہیں، تاہم یہ ان تک محدود نہیں۔ بینک خدمات کی بحالی کے لیے جلد از جلد ممکنہ اقدامات

کرے گا اور جہاں ممکن ہو، دستیاب ذرائع کے ذریعے سروس میں تعطل کے بارے میں کسٹمرز کو آگاہ کرے گا۔ یہ استثنا سروس کی ایسی ناکامی پر لاگو نہیں ہوگا جو بینک کی جانب سے مناسب کاروباری تسلسل کے اقدامات نہ کرنے یا اپنے سسٹم کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کی قابلِ اطلاق ہدایات کے مطابق برقرار نہ رکھنے کے باعث پیدا ہوئی ہو۔

26۔ کارڈ ہولڈر کو اے ٹی ایم روم یا مقام پر کارڈ استعمال کرنے کے دوران پیش آنے والی کسی بھی حادثاتی موت، جسمانی چوٹ یا املاک کے نقصان کے لیے بینک کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کارڈ ہولڈر یہ تسلیم کرتا ہے کہ کارڈ اپنے ذاتی رسک، خرچ اور ذمہ داری پر استعمال کرے گا/گی۔

تاہم، اگر کوئی اے ٹی ایم سونیری بینک لمیٹڈ کے زیرِ ملکیت، زیرِ انتظام یا زیرِ نگرانی ہو تو بینک ایسے احاطے کے تحفظ اور سلامتی کے لیے معقول اقدامات کرے گا۔ بینک کے زیرِ انتظام اے ٹی ایم احاطے کی غفلت آمیز دیکھ بھال یا غیر محفوظ ہونے کے باعث براہِ راست ہونے والی کسی چوٹ یا نقصان کے لیے بینک اپنی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوگا۔

27۔ کارڈ ہولڈر کی جانب سے جب بھی یوٹیلٹی یا دیگ بلز کی ادائیگی کیلئے کارڈ استعمال کیا جاتا ہے تو کسی بھی تاخیر یا سروس فراہم کرنے والے کی جانب سے تاخیر کی صورت میں کسی جرمانے، اخراجات یا سرچارج کی تمام تر ذمہ داری کارڈ ہولڈر پر عائد ہوگی قطع نظر کہ چاہے کارڈ ہولڈر نے بینک کو معقول اطلاع اور مناسب معلومات فراہم کی ہوں۔ 28۔ اگر کارڈ ہولڈر ہجرت کر رہا ہے اور یا مستقل ملازمت کیلئے بیرون ملک جا رہا ہے یا غیر رہائشی پاکستان بنے کا ارادہ رکھتا ہے تو اسے سونیری ویزا ڈیبٹ کارڈ کو پہلے سرینڈر کرنا ہوگا اور غیر رہائشی پاکستانیوں کیلئے اسٹیٹ بینک کی جانب سے منظور شدہ مخصوص اکاؤنٹ پروڈکٹ کے علاوہ کارڈ پر واجب الادا تمام رقم کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

29۔ کارڈ کو بینک کے مجاز افسر کے علاوہ کسی دیگر شخص کے حوالے نہ کریں اور اس مقصد کیلئے کارڈ کی مقناطیسی پی اور چپ کو الگ الگ حصوں میں کاٹنے کے بعد بینک کے مجاز افسر کے حوالے کریں۔

30۔ ان شرائط وضوابط کو اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کی شرائط وضوابط کے ساتھ پڑھا جائے جو کہ اکاؤنٹ پر وقتاً فوقتاً لاگو ہوں گے۔

31۔ یہ شرائط وضوابط اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے (وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والے) قوائد اور قوانین سے مشروط ہیں اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے انتظامی اور قانونی ضابطوں کے تحت ان پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ پاکستان میں عدالتوں کا ان پر مکمل ضابطہ اختیار ہوگا۔